


# پوشیدہ
# اسقاطِ حمل کے علاج کیلئے
# مائزوپروسٹول کی گولیوں کا استعمال

زبان کے نیچے رکھ کر

NCMNH
National Committee for Maternal & Neonatal Health

Ipas PAKISTAN HEALTH ACCESS RIGHTS


## مائزوپروسٹول کی گولیوں سے پوشیدہ اسقاطِ حمل کا علاج

اگر آپ کا اسقاطِ حمل پوشیدہ ہو تو آپ کا مائزوپروسٹول کی گولیوں سے بحفاظت اور مؤثر طریقے سے علاج ہو سکتا ہے۔ یہ گولیاں دو طریقوں سے استعمال کی جا سکتی ہیں، یا تو زبان کے نیچے رکھ کر، یا پھر تولیدی راستے (وجائنا) کے اندر رکھ کر۔



## مائزوپروسٹول کی گولیاں کیسے لی جائیں؟ (زبان کے نیچے رکھ کر)

مائزوپروسٹول کی 3 گولیاں (600mcg) زبان کے نیچے رکھیں۔ گولیوں کو اس وقت تک زبان کے نیچے رکھیں جب تک کہ وہ گھل نہ جائیں، یا آدھے گھنٹے تک رکھنے کے بعد جو کچھ باقی رہ جائے اسے پانی سے نگل لیں۔ ہر گھنٹے بعد یہ عمل دہرائیں (عام طور پر 1 سے 3 دفعہ استعمال کریں)




## گولیاں لینے کے بعد کیا ہوگا؟

مائزوپروسٹول رحم کو سکیڑتی ہے۔ تولیدی راستے (وجائنا) سے کچھ خون آئے گا اور پیٹ میں مروڑ/ درد ہوگا۔ کچھ خون کے جمے ہوئے ٹکڑے بھی خارج ہو سکتے ہیں۔



پیٹ میں مروڑ/ درد



خون جاری ہونا

## بہت ساری عورتوں کو ضمنی اثرات نہیں ہوتے


کچھ عورتوں کو بخار، سردی، متلی، اُلٹی یا دست ہو سکتے ہیں۔ یہ علامات ایک دن میں خود ہی ٹھیک ہو جائیں گی۔



متلی اور قے آنا



دست آنا



کپکپی/ سردی لگنا/ بخار ہونا

## ضمنی اثرات سے کیسے نمٹا جائے؟

پیٹ میں مروڑ/ درد کیلئے درد کم کرنے کی دوا لی جا سکتی ہے۔ بخار کیلئے دوا کی عام طور پر ضرورت نہیں ہوتی، زیادہ پانی پینے اور آرام کرنے سے بھی مدد ملتی ہے۔ زیادہ تر ضمنی اثرات تھوڑی دیر بعد خود ہی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔



## آپ کو صحت کے کارکن سے کب مدد لینی چاہیئے؟

درج ذیل میں سے کسی بھی علامت کے ظاہر ہونے کی صورت میں آپ کو فوری مدد لینی چاہیئے:

**زیادہ خون کا جاری ہونا**



بہت زیادہ خون آ رہا ہو: جس سے ہر ایک گھنٹے میں 2 سے زیادہ سینیٹری پیڈز/ کپڑے خون سے بھر جائیں اور یہ عمل 2 گھنٹے تک لگاتار جاری رہے، خاص طور پر اگر اس کے ساتھ چکر اور بہت زیادہ تھکن بھی ہو۔

**پیٹ میں مستقل مروڑ/ درد**



مسلسل پیٹ میں مروڑ/ درد ہو جو کہ دوا، آرام یا گرم سیکائی سے بھی دور نہ ہو رہا ہو۔

**بخار**



بخار جو ایک دن سے زیادہ رہے یا مائزوپروسٹول لینے کے اگلے دن سے کسی بھی دن شروع ہو۔ محسوس ہو کہ طبیعت بہت خراب ہے، تولیدی راستے (وجائنا) سے معمول سے ہٹ کے یا بدبودار مواد کا اخراج اور/ یا پیٹ میں درد ہو۔


## میرے لئے مانع حمل کا بہترین طریقہ کیا ہے؟

پوشیدہ اسقاطِ حمل کا علاج ایم۔ وی۔ اے (MVA) سے کروانے کے بعد آپ 10 دنوں میں دوبارہ حاملہ ہو سکتی ہیں اور مائزوپروسٹول کی گولیاں کھانے کے بعد 8 دنوں کے اندر۔ اگر آپ مانع حمل استعمال کرنا چاہتی ہیں تو حمل روکنے کے لیے کسی طریقے کا استعمال فوری شروع کریں۔ آپ مانع حمل کے طریقے مائزوپروسٹول کی گولیوں کے استعمال کے ساتھ ہی شروع کر سکتی ہیں۔





## مجھے دوبارہ کب معائنے کیلئے آنا چاہیئے؟




عام طور پر دوبارہ آنے کی ضرورت نہیں ہوتی، لیکن اگر کچھ خطرناک علامات ظاہر ہوتی ہیں یا آپ کچھ اور مسائل پر بات کرنا چاہتی ہیں تو کسی بھی وقت آ سکتی ہیں۔
اگر آپ جاننا چاہتی ہیں کہ مائزوپروسٹول کی گولیوں کے ذریعہ بچہ دانی کی صفائی کا عمل کامیاب رہا تو معائنہ کیلئے دو ہفتے بعد آ سکتی ہیں۔

**دوبارہ معائنہ (فالوآپ)**

تاریخ: ........................................

جگہ: ........................................

وقت: .................... فون: ....................



# پوشیدہ اسقاطِ حمل کے علاج کیلئے مائزوپروسٹول کی گولیوں کا استعمال

تولیدی راستے (وجائنا) کے ذریعے

NCMNH
National Committee for Maternal & Neonatal Health

Ipas HEALTH ACCESS RIGHTS PAKISTAN



## مائزوپروسٹول کی گولیوں سے پوشیدہ اسقاطِ حمل کا علاج

اگر آپ کا اسقاطِ حمل پوشیدہ ہو تو آپ کا مائزوپروسٹول کی گولیوں سے بحفاظت اور مؤثر طریقے سے علاج ہوسکتا ہے۔ یہ گولیاں دو طریقوں سے استعمال کی جاسکتی ہیں، یا تو زبان کے نیچے رکھ کر، یا پھر تولیدی راستے (وجائنا) کے اندر رکھ کر۔



## مائزوپروسٹول کی گولیاں کیسے لی جائیں؟ (تولیدی راستے کے ذریعے)

خون نہ پڑنے کی صورت میں مائزوپروسٹول کی 4 گولیاں (800mcg) تولیدی راستے (وجائنا) کے اندر رکھیں۔ ضرورت پڑنے پر یہ عمل ہر 3 گھنٹے کے بعد دہرائیں۔ (عام طور پر 1 سے 3 خوراکیں)




تولیدی راستے (وجائنا) میں 3 مختلف طریقوں سے گولیاں رکھی جاسکتی ہیں۔



## گولیاں لینے کے بعد کیا ہوگا؟

مائزوپروسٹول رحم کو سکیڑتی ہے۔ تولیدی راستے (وجائنا) سے کچھ خون آئے گا اور پیٹ میں مروڑ/درد ہوگا۔ کچھ خون کے جمے ہوئے ٹکڑے بھی خارج ہوسکتے ہیں۔



پیٹ میں مروڑ/درد



خون جاری ہونا

## بہت ساری عورتوں کو ضمنی اثرات نہیں ہوتے

کچھ عورتوں کو بخار، سردی، متلی، اُلٹی یا دست ہوسکتے ہیں۔ یہ علامات ایک دن میں خود ہی ٹھیک ہوجائیں گی۔



دست آنا



متلی اور قے آنا



کپکپی/سردی لگنا/بخار ہونا



## ضمنی اثرات سے کیسے نمٹا جائے؟

پیٹ میں مروڑ/درد کیلئے درد کم کرنے کی دوا لی جاسکتی ہے۔ بخار کیلئے دوا کی عام طور پر ضرورت نہیں ہوتی، زیادہ پانی پینے اور آرام کرنے سے بھی مدد ملتی ہے۔ زیادہ تر ضمنی اثرات تھوڑی دیر بعد خود ہی ٹھیک ہوجاتے ہیں۔



## آپ کو صحت کے کارکن سے کب مدد لینی چاہیئے؟

درج ذیل میں سے کسی بھی علامت کے ظاہر ہونے کی صورت میں آپ کو فوری مدد لینی چاہیئے:

**! زیادہ خون کا جاری ہونا**



بہت زیادہ خون آرہا ہو: جس سے ہر ایک گھنٹے میں 2 سے زیادہ سینیٹری پیڈز/کپڑے خون سے بھر جائیں اور یہ عمل 2 گھنٹے تک لگاتار جاری رہے، خاص طور پر اگر اس کے ساتھ چکر اور بہت زیادہ تھکن بھی ہو۔

**! پیٹ میں مستقل مروڑ/درد**



مسلسل پیٹ میں مروڑ/درد ہو جو کہ دوا، آرام یا گرم سیکائی سے بھی دور نہ ہو رہا ہو۔

**! بخار**



بخار جو ایک دن سے زیادہ رہے یا مائزوپروسٹول لینے کے اگلے دن سے کسی بھی دن شروع ہو۔ محسوس ہو کہ طبیعت بہت خراب ہے، تولیدی راستے (وجائنا) سے معمول سے ہٹ کے یا بدبودار مواد کا اخراج اور/یا پیٹ میں درد ہو۔



## میرے لئے مانع حمل کا بہترین طریقہ کیا ہے؟

پوشیدہ اسقاطِ حمل کا علاج ایم۔وی۔اے (MVA) سے کروانے کے بعد آپ 10 دنوں میں دوبارہ حاملہ ہوسکتی ہیں اور مائزوپروسٹول کی گولیاں کھانے کے بعد 8 دنوں کے اندر۔ اگر آپ مانع حمل استعمال کرنا چاہتی ہیں تو حمل روکنے کے لیے کسی طریقے کا استعمال فوری شروع کریں۔ آپ مانع حمل کے طریقے مائزوپروسٹول کی گولیوں کے استعمال کے ساتھ ہی شروع کرسکتی ہیں۔





## مجھے دوبارہ کب معائنے کیلئے آنا چاہیئے؟




عام طور پر دوبارہ آنے کی ضرورت نہیں ہوتی، لیکن اگر کچھ خطرناک علامات ظاہر ہوتی ہیں یا آپ کچھ اور مسائل پر بات کرنا چاہتی ہیں تو کسی بھی وقت آسکتی ہیں۔

اگر آپ جاننا چاہتی ہیں کہ مائزوپروسٹول کی گولیوں کے ذریعہ بچہ دانی کی صفائی کا عمل کامیاب رہا تو معائنہ کیلئے دو ہفتے بعد آسکتی ہیں۔

**دوبارہ معائنہ (فالواَپ)**

تاریخ: ..............................

جگہ: ..............................

وقت: .................... فون: ....................